© rasailojaraid.com



سگے (ابوداؤد ج ۲، ص ۲۳۸ والطیالسی ص ۱۳۲ ومستدرک ج ۲، ص ۵۹۵ ومجمع الزوائد ج ۸، ص ۲۰۵) اور روضۂ اقدس میں انہیں دفن کیا جائے گا۔

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:-

"کہ ان کو میری قبر (یعنی میرے مقبرہ۔ مرقات) کے ساتھ دفن کیا جائے گا۔" (مشکوٰۃ ج ۲، ص ۴۸۰، وفاء الوفیٰ ج ۱، ص ۳۹۷، ومواہب اللدنیۃ ج ۲، ص ۳۸۲ وزرقانی شرح مواہب ج ۸، ص ۳۲۸)

## بقیہ امام اعظم ابو حنیفہ

ہے۔ اور وہ چراگاہ محرمات ہیں (وہ باتیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لیے حرام قرار دیا ہے) سنو! انسان کے جسم میں ایک ٹکڑا ہے۔ جب وہ صحیح ہو (یعنی تندرست ہو) تو سارا جسم صحیح اور تندرست ہوتا ہے۔ اور جب وہ ٹکڑا بگڑا ہوا ہو یعنی فاسد اور خراب ہو تو سارا جسم بگڑ جاتا ہے۔ سنو! وہ ٹکڑا دل ہے۔

۲۰۔ صحت اور تندرستی کی حالت میں تمہیں خوف اور رجا (امید و بیم) کے درمیان رہنا چاہیئے۔ اور جب تم مرو تو ایسے حال میں کہ اللہ تعالیٰ کے متعلق اچھا گمان (حسن ظن) رکھتے ہو۔ اور تم پر امید کا غلبہ ہو۔ اور قلب سلیم لے کر اللہ تعالیٰ کے سامنے جاؤ۔ بے شک اللہ تعالےٰ غفور الرحیم ہے۔ (بحوالہ زبدۃ الأقاویل از مولانا فقیر محمد جہلمیؒ)

## بقیہ آپ نے پوچھا

جواب:- دراصل اہل کتاب کو خدا تعالےٰ کی جانب سے عطا ہونے والی کتب تو زمانہ کی ستم گاریوں کا شکار ہو گئیں۔ ان کے نام پر جو کتب آج کل مروج ہیں وہ صدیوں کی ترمیم و اضافہ اور ردوبدل کا شکار رہیں، کم از کم سولہویں صدی عیسوی تک تو بائبل کا عام دستیاب ہونا ہی محال تھا۔ لاطینی زبان میں جو بائبل تھی اس کو صرف پادری حضرات ہی پڑھ اور سمجھ سکتے تھے اس دوران میں یہود و نصاریٰ نے سازش کے ذریعہ سے اسلامی لٹریچر میں غلط سلط اور موضوع روایات داخل کر دیں۔ لیکن جن مسلم علماء نے کوشش کر کے اہل کتاب کا لٹریچر تلاش کیا اور پڑھا وہ ایسی غلطیوں سے محفوظ رہے۔ عموماً تفاسیر میں اسرائیلی روایات مندرج ہیں حتیٰ کہ بعض علماء نے تو کتب سابقہ محرف ماننے سے بھی انکار کر دیا۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ اس سے ان کے مرتبہ پر کوئی زد نہیں پڑتی کیونکہ اصل لٹریچر تو پروٹسٹنٹ ازم کے احیاء سے قبل، عام اہل کتاب کو بھی دستیاب نہیں تھا۔

© rasailojaraid.com